آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر
احسان احمد سحر

ایڈیٹر
محمد سلیمان فاروقی

منیجنگ ایڈیٹر
نجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053
موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 15 | بروز جمعۃ المبارک 29 اکتوبر 2021ء قیمت فی شمار 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 209

پاک فوج ملکی سلامتی کو درپیش کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کیلئے تیار ہے، آرمی چیف

مشقیں جنگی صلاحیت کو بڑھانے کیلئے پیشہ ورانہ مہارتوں کو نکھارتی ہیں پاک فوج بہترین تربیت یافتہ اور آزمودہ فوج ہے، چیلنجز کے باوجود ہماری توجہ پاک فوج کی روایتی صلاحیتوں کو بڑھانے پر ہے

ایڈوانس سائبر اور میکانائزیشن کی صلاحیتوں میں اضافہ ترجیح ہے' آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی کوٹ عبدالحکیم میں اسٹرائیک کور کی تربیتی مشقوں کے معائنہ کے دوران شرکاء سے گفتگو

سدرن کمانڈ ہیڈ کوارٹر آمد پر کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل محمد چراغ حیدر نے آرمی چیف کا استقبال کیا

ملتان (مانیٹرنگ ڈیسک) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ پاک فوج پاکستان کے دفاع اور سلامتی کو درپیش کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کے لیے تیار ہے۔انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف نے سدرن کمانڈ ہیڈ کوارٹرز ملتان کا دورہ کیا، سدرن کمانڈ آمد پر کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل محمد چراغ حیدر نے آرمی چیف کا استقبال کیا۔آئی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے اہداف بارے جائزہ اجلاس

صدارت کمشنر بہاول پور ڈویژن کیپٹن (ر) محمد ظفر اقبال نے کی

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) کمشنر بہاول پور ڈویژن کیپٹن محمد ظفر اقبال کی زیر صدارت ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے اہداف بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ ویڈیو لنک اجلاس میں تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز اور محکمہ ریونیو کے افسران شریک ہوئے۔ کمشنر بہاول پور ڈویژن کیپٹن محمد ظفر اقبال نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ ریونیو کے اہداف بروقت مکمل کیے جائیں۔ انھوں نے کہا کہ اراضی انتقال، سٹمپ ڈیوٹی، زرعی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مقبوضہ کشمیر میں پاکستانی قیدی کے قتل پر پاکستان کا شدید احتجاج

اسلام آباد (یو این پی) مقبوضہ کشمیر میں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بلدیہ احمد پور شرقیہ کے چیئرمین ملک عثمان رشید بوبک نے دوبارہ چارج سنبھال لیا

دفتر بلدیہ آمد پر کونسلروں' سیاسی کارکنوں اور چیف آفیسر نے ملک عثمان رشید بوبک کا استقبال کیا

ملک عثمان رشید کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے، چیئرمین کا شہریوں کی بلاامتیاز خدمت کے عزم کا اظہار

احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ کی جانب سے بلدیاتی اداروں کی بحالی کے بعد بلدیہ احمد پور شرقیہ کے چیئرمین ملک عثمان رشید بوبک نے دفتر میونسپل کمیٹی پہنچ کر اپنے عہدہ کا چارج سنبھال لیا، دفتر بلدیہ آمد چیف آفیسر میونسپل

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ: ملک عثمان رشید بوبک چیئرمین بلدیہ کا چارج سنبھالنے کے بعد دفتر میں موجود ہیں۔

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بہاولپور چوہدری محمد امیر خاں نے شجرکاری مہم کے موقع پر گولڈن پام کا پودا لگایا

بعدازاں ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے ڈسٹرکٹ بار لائبریری کے احاطہ میں پودا لگایا

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بہاول پور چوہدری محمد امیر خاں نے شجرکاری مہم کے موقع پر سیشن کورٹ کے سبزہ زار

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر فاروق قمر نے سبزی وپھل منڈی بہاولپور کا دورہ کیا

پھلوں اور سبزیوں کی نیلامی کے امور کی نگرانی کی

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر فاروق قمر نے حکومت پنجاب کی ہدایت پر علی الصبح سبزی وپھل منڈی بہاولپور کا دورہ کیا اور پھلوں اور سبزیوں کی نیلامی کے امور کی نگرانی کی۔اس موقع پر سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی مہر

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عوام کے جان ومال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، وزیراعلیٰ عثمان بزدار

معمولات زندگی متاثر کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، عثمان بزدار

راستوں کی بندش کی وجہ سے عوام کی مشکلات پر ذاتی طور پر معذرت خواہ ہوں' وزیراعلیٰ پنجاب

وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس میں امن وامان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے اقدامات پر بھی غور کیا گیا

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار صوبے میں امن وامان کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کی زیر صدارت آج اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبے میں امن وامان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں عوام کے جان ومال کے تحفظ کیلئے کئے گئے اقدامات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے صوبے میں امن عامہ کے قیام کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی اور کہا کہ راستوں کی بندش کی وجہ سے عوام کو جو تکلیف اٹھانا پڑی جس پر ذاتی طور پر معذرت خواہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزارت داخلہ میں کالعدم ٹی ایل پی سے مذاکرات سعد رضوی بھی موجود ٹی ایل پی کے ترجمان کے مطابق مفتی عمیر الازہری اور علامہ غلام عباس فیضی بھی وفد میں شامل ہیں

TLP کالعدم تنظیم سے مذاکرات اور حکومت پنجاب میں ایک بار پھر مذاکرات

کالعدم تنظیم تحریک لبیک اور حکومت پنجاب ایک بار پھر مذاکرات کی میز پر آ گئے ہیں' ذرائع کے مطابق پنجاب حکومت کا موقف ہے اگر کالعدم تحریک لبیک دھرنا ختم کرنے کا اعلان کر دے تو اُن کے جائز مطالبات منظور کر لئے جائیں گے تاہم کالعدم تنظیم پیشگی مطالبات منظور کرانے کے لیے بضد ہے

تحریک لبیک پاکستان اپنے مطالبات پر قائم ہے مذاکرات میں اپنے مطالبات پیش کریں گے ہمارا پہلے دن سے ایک ہی مطالبہ تھا کہ فرانسیسی سفیر کو ملک بدر کا جائے ترجمان کالعدم تحریک لبیک، ٹی ایل پی کے غیر ملکی فنڈنگ لینے کے ثبوت موجود ہیں' وفاقی وزیر اسد عمر کا الزام

لاہور (راولپنڈی (ایکسپریس نیوز) کالعدم تحریک لبیک اور حکومت پنجاب ایک بار پھر مذاکرات کی میز پر آ گئی۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق کالعدم تنظیم تحریک لبیک اور حکومت پنجاب کا موقف ہے کہ اگر کالعدم تحریک لبیک دھرنا ختم کرنے کا اعلان کردے تو ان کے جائز مطالبات منظور کر لیے جائیں گے۔ تاہم کالعدم تنظیم بدستور پیشگی اپنے مطالبات منظور کرانے کے لیے بضد ہے۔ حکومتی ذرائع نے بتایا کہ اگر دھرنا ختم کر دیا جائے تو مزید کالعدم تنظیم کے ساتھ مزید معاملات طے ہو سکتے ہیں، حکومتی مؤقف ہے کہ دھرنا ختم ہونے کی صورت میں کالعدم تنظیم کے خلاف مزید کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ دوسری جانب پنجاب حکومت امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر پہلے ہی رینجرز کو صوبے میں طلب کر چکی ہے، کالعدم تحریک لبیک کے دھرنے روکنے کے لیے راولپنڈی میں کیے گئے پیشگی انتظامات نے نظام زندگی درہم برہم کر رکھا ہے، مری روڈ دوسرے روز بھی ٹریفک کے لیے بند ہے، جب کہ اسی روڈ پر قائم تعلیمی ادارے، دفاتر، بینک اور تجارتی مراکز بھی مکمل طور پر بند ہیں، ملحقہ علاقوں کے رہائشی شدید پریشانی کا شکار

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کالعدم تنظیم کا احتجاج، پنجاب رینجرز کے اختیارات اور کارروائی کا طریقہ طے کر دیا گیا

پولیس کو رینجرز کی ہدایت کے مطابق کام کرنا ہوگا دونوں کو کم سے کم اسلحہ استعمال کرنے کی اجازت ہوگی

پولیس اور رینجرز کے پاس انسداد دہشت گردی کے اختیارات ہوں گے' باخبر ذرائع

لاہور (ایکسپریس نیوز) پنجاب حکومت نے کالعدم مذہبی تنظیم کی ریلی کو روکنے کے لئے رینجرز کے اختیارات اور کارروائی کا طریقہ کار طے کر دیا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت نے کالعدم مذہبی تنظیم کی ریلی کو روکنے کے لئے رینجرز کے اختیارات اور کارروائی کا طریقہ کار طے کر دیا ہے۔ جس کے تحت پولیس اور رینجرز کے پاس

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک میں افراتفری پھیلی ہے حکومت صورتحال سے بالکل لاعلم ہے، شہباز شریف

وفاقی وزراء امن امان کی صورتحال پر متضاد بیانات دے رہے ہیں' صدر مسلم لیگ ن



مریم نواز 48 سال کی ہوگئیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف شہباز شریف کا کہنا ہے کہ ملک میں افراتفری پھیلی ہے اور حکومتی مشینری موجودہ صورتحال سے بالکل لاعلم ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنی ٹوئٹ میں شہباز شریف نے کہا کہ وفاقی وزرا امن وامان کی صورتحال پر متضاد بیانات دے رہے ہیں، وزرا میں سے ایک نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور ویگن اسٹینڈ کے مالک محمد قاسم خان کی اہلیہ محترمہ انتقال کر گئیں

نوجوان ٹرانسپورٹر محمد عارف نوشی خان کی والدہ اور ریٹائرڈ نائب تحصیلدار رب نواز چشتی مرحوم کی ہمشیرہ تھیں

جنازہ گاہ عظمت سلطان میں نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا' مدیر احسان احمد سحر کی تعزیت

احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) احمد پور ویگن اسٹینڈ کے مالک محمد قاسم خان کی اہلیہ محترمہ انتقال کر گئیں انا للہ وانا الیہ راجعون، اُن کی نماز جنازہ عظمت سلطان میں ادا کی گئی جسکے بعد اُن کے جسد خاکی کو قبرستان عظمت سلطان میں سپرد خاک کر دیا گیا، مرحومہ سابق نائب تحصیلدار رب نواز چشتی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

معروف انکم ٹیکس پریکٹشنر میاں محمد سلیم ایڈووکیٹ کے سسر عبدالروف انتقال کر گئے

خان پور میں نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد عبدالروف مرحوم کو سپرد خاک کر دیا گیا

خان پور (پ ر) احمد پور شرقیہ کے معتاز انکم ٹیکس پریکٹشنر میاں محمد سلیم ایڈووکیٹ کے سسر عبدالرؤف خان پور میں انتقال کر گئے انا للہ وانا اللہ راجعون مرحوم نیک اور پابند صوم وصلوۃ شخصیت تھے انکی نماز جنازہ خان پور میں ادا کی گئی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بستی پانڈی بلوچاں میں گورنمنٹ پرائمری سکول کا اجراء کیا جائے، محمد ظفر بلوچ

پانڈی بلوچاں تا احمد پور شرقیہ کے درمیان ریلوے لین پر پھاٹک بنایا جائے

مبارک پور (نامہ نگار) علاقہ کی محرومیوں اور ترقی کے لئے دن رات کوشاں ہوں ہمارا علاقہ دور جدید میں بھی گورنمنٹ کی طرف سے تعلیمی سہولیات سے محروم ہے بہت جلد کمشنر بہاول پور اور ڈپٹی کمشنر بہاول پور سے وفد کی صورت میں ملاقات کروں گا ان خیالات کا اظہار بلوچ سہارا فاؤنڈیشن مبارک پور کے چیئرمین محمد ظفر بلوچ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

خان الیون کے زیر اہتمام پہلا آل تحصیل چشتی ٹیپ بال کرکٹ میلہ

آج 29 اکتوبر کو میونسپل سٹیڈیم احمد پور شرقیہ شروع ہوگا

احمد پور شرقیہ (پ ر) خان الیون احمد پور شرقیہ کے زیر اہتمام پہلا آل تحصیل چشتی ٹیپ بال سپورٹس کرکٹ میلہ 29، اکتوبر آج سے میونسپل سٹیڈیم احمد پور شرقیہ میں شروع ہو رہا ہے۔ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب کے مہمان

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

روڈ پر حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے ٹریفک قوانین اور ٹریفک سگنلز پر عمل درآمد کیا جائے

ایس پی پنجاب ہائی وے پٹرول بہاول پور ریجن چوہدری محمد شریف کا سیمینار سے اظہار خیال

بہاول پور (پ ر) پنجاب ہائی وے پٹرول بہاول پور ریجن کے موبائل ایجوکیشن یونٹ کے زیر اہتمام اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور میں سیمینار

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاک بحریہ کے جہاز پی این ایس عالمگیر کا مصر کا دورہ کیا

مصر کی بندرگاہ برنیس آمد پر میزبان بحریہ اور پاکستانی سفارتی حکام نے پاک بحریہ کے جہاز کا استقبال کیا

اسلام آباد (یو این پی) مشن کمانڈر نے جہاز کے کمانڈنگ آفیسر کے ہمراہ میزبان بحری حکام سے اہم ملاقاتیں کیں جس میں باہمی دلچسپی کے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعلیٰ عثمان بزدار کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس

سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا جس میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سندھ اور پنجاب حکومت کا شاکر شجاع آبادی کے علاج کا اعلان

سرائیکی زبان کے معروف شاعر شاکر شجاع آبادی پیدائشی طور پر پٹھوں کے فالج میں مبتلا ہیں

کراچی/لاہور (یو این پی) تقریباً 400 گیت لکھنے والے سرائیکی زبان کے معروف شاعر شاکر شجاع آبادی کے بیٹے ولید شاکر نے تصدیق

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملتان؛ اسلام امن کا دین ہے اور کوئی معاشرہ پر تشدد رویوں کی اجازت نہیں دیتا

صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب محمد ندیم قریشی

ملتان (یو این پی) صوبائی پارلیمانی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سعودی عرب کے 3 ارب ڈالر پاکستان میں رکھنے سے ملکی ریزرو 31 ارب ڈالر تک پہنچ جائیں گے

اسلام آباد (یو این پی) ترجمان وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ سعودی عرب 3 ارب ڈالر

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احتساب عدالت کو 8 ارب روپے کی مشکوک ٹرانزیکشنز کیس میں آصف زرداری پر فرد جرم عائد کرنے سے روک دیا گیا

اسلام آباد (یو این پی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے احتساب عدالت کو سابق صدر آصف

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چینی کی قیمت 125 روپے فی کلو سے تجاوز کر گئی

اسلام آباد (یو این پی) چینی کے ایکس مل

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آئی یو بی میں ایک طالب علم، ایک درخت مہم کا آغاز ہوگیا

پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر آئی یو بی نے شجرکاری مہم کا افتتاح کیا

بہاول پور (پ ر) اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں ایک طالب علم، ایک درخت مہم کا آغاز ہوگیا۔ پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے شجرکاری مہم کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کلین

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم عمران خان نے ''آج'' قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس طلب کر لیا

کالعدم جماعت کی غیر قانونی سرگرمیوں سے پیدا ہونیوالی صورتحال کے پیش نظر اجلاس طلب کیا گیا

اسلام آباد (یو این پی) وزیراعظم عمران خان نے آج قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس طلب کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ملک میں کالعدم جماعت کی جانب سے کیے جانے والے احتجاج کے باعث صورتحال کشیدہ ہے۔ جڑواں شہروں کو جانے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

موضع محمود ماتم میں قتل ہونیوالے نوجوان جمیل شاہ کے ملزمان کو چنی گوٹھ پولیس تاحال گرفتار نہیں کر سکی

تھانہ چنی گوٹھ کے سامنے مقتول کے ورثاء کا احتجاج چاروں ملزمان کی فی الفور گرفتاری کا مطالبہ

چنی گوٹھ (نامہ نگار) پانچ روز قبل موضع محمود ماتم میں چار افراد نے معمولی تنازع پر چھ بچوں کے باپ کو موت کے گھاٹ اتار دیا تھا مگر ابھی تک چنی گوٹھ پولیس مقتول کے قاتلوں کو گرفتار نہیں کر سکی ورثا کا تھانہ چنی گوٹھ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ۔ اس سلسلے میں موضع محمود ماتم کے رہائشی مقتول کے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چنی گوٹھ: مقتول جمیل شاہ کے ورثاء قاتل گرفتار نہ ہونے پر احتجاج کر رہے ہیں۔

والد کی سرزنش پر نوجوان بیٹے نے زہر پی لی' خودکشی کی کوشش ناکام

مبارک پور کے نواحی علاقہ جانوالا میں گھریلو کام کاج نہ کرنے پر باپ ملک رحیم بخش ڈاونچ نے بیس سالہ بیٹے محمد اختر کو ڈانٹ ڈپٹ کی تھی

دیہی مرکز صحت مبارک پور میں محمد اختر کو طبی امداد دی گئی حالت خطرے سے باہر ہے

مبارک پور (نامہ نگار) مبارک پور کے نواحی علاقہ جانوالہ میں نوجوان نے مبینہ والد کے ڈانٹنے پر زہر پی لیا۔ تفصیل کے مطابق جانوالہ بستی ڈاونچ کے رہائشی 20 سالہ نوجوان محمد اختر کو گھریلو کام کاج نہ کرنے پر اسکے والد ملک رحیم بخش ڈاونچ نے مبینہ ڈانٹا اور برا بھلا کہا جس پر غصہ میں آ کر محمد اختر نے گھر میں رکھی زہریلی زرعی دوا پی کر اقدام خودکشی کر لیا حالت غیر ہونے پر گھر

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عبدالقدوس بزنجو کے بلامقابلہ وزیراعلیٰ بلوچستان منتخب ہونے کا امکان

گورنر بلوچستان نے صوبائی اسمبلی کا اجلاس آج 29 اکتوبر کو طلب کر لیا

کوئٹہ (یو این پی) عبدالقدوس بزنجو کے بلا مقابلہ بلوچستان کے وزیراعلیٰ منتخب ہونے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کے ہمراہ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے وزیر دفاع پرویز خٹک نے اعلان کیا تھا کہ عبدالقدوس بزنجو اس عہدے کے لیے پی ٹی آئی اور بلوچستان عوامی پارٹی (بی اے پی) کے مشترکہ امیدوار ہوں گے۔ جس کے بعد گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے نئے قائد ایوان اور اسپیکر کے انتخاب کے لیے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعلیٰ عثمان بزدار کی ترکی کے قومی دن پر ترک صدر رجب طیب اردوان اور ترک عوام کو مبارکباد

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے ترکی کے قومی دن پر ترک صدر رجب طیب اردوان اور ترک عوام کو مبارکباد

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عید پر ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافہ کا نوٹیفکیشن جاری

ادارہ

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ.....احمد پور شرقیہ

نئے ڈی جی آئی ایس آئی کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن

یہ امر خوش آئند ہے کہ وزیراعظم عمران خان نے طویل انتظار کے بعد نئے ڈی جی آئی ایس آئی کے طور پر لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جنہیں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے دیگر لیفٹیننٹ جنرلز کی طرح تبدیل کیا تھا اور اس بارے میں آئی ایس پی آر نے باقاعدہ پریس ریلز جاری کیا تھا، بعد ازاں موصول ہونے والی اطلاعات میں کیا گیا کہ وزیراعظم ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید کو مزید کچھ عرصہ کے لیے عہدہ پر برقرار رکھنا چاہتے تھے مگر اگلے سال نومبر 2022 میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی ریٹائرمنٹ کے بعد وہ اُسی صورت میں آرمی چیف کے عہدہ کی دوڑ میں شامل ہو سکتے ہیں اگر وہ ایک سال کی کور کمانڈ تجربہ رکھتے ہوں گے، چنانچہ اسی پس منظر میں لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید 20 نومبر کو پاک فوج کی پشاور کور کمانڈر کے عہدہ کا چارج سنبھالیں گے۔

ڈی جی آئی ایس آئی کی تعیناتی کے حوالے سے سوشل میڈیا پر جو قیاس آرائیاں پروگرامز اور ٹاک شوز کئے گئے وہ ہرگز پاکستان کی سلامتی کے حوالے سے ہراول دستہ کا کردار ادا کرنے والی ایجنسی کے شایان شان نہیں تھے، ان کالموں کے ذریعے گزارش کر لیا ہے کہ سوشل میڈیا الیکٹرانک میڈیا یا پرنٹ میڈیا میں قومی سلامتی کے اداروں کو موضوع بحث نہیں بنانا چاہیے کیونکہ اس سے ہمارے دشمنوں کو افواہیں پھیلانے اور پراپگنڈہ کا موقع ملتا ہے۔

☆☆☆

وزیراعظم کے معاون خصوصی شہباز گل کے وارنٹ گرفتاری جاری

لاہور کی مقامی عدالت میں شہباز گل کے خلاف نجی کمپنی کی جانب سے دائر استغاثہ پر سماعت ہوئی

ایڈیشنل سیشن جج حسین اظہر شاہ نے شہباز گل کو یکم نومبر کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم دیدیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) لاہور کی عدالت نے وزیراعظم کے معاون خصوصی شہباز گل کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ لاہور کی مقامی عدالت میں وزیراعظم کے معاون خصوصی شہباز گل کے خلاف نجی کمپنی کی جانب سے دائر استغاثہ پر سماعت ہوئی۔ نجی کمپنی نے شہباز گل کے خلاف دعویٰ دائر کر رکھا ہے جس میں کمپنی کا مؤقف ہے کہ شہباز گل نے ٹی وی پروگرام میں کمپنی پر جھوٹے الزامات لگائے۔ لاہور

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بچہ جمہورا

سُنا اُستاد جی: کالعدم ٹی ایل پی سے حکومت پاکستان اور حکومت پنجاب نے ایک بار پھر مذاکرات کا ڈول ڈال دیا ہے

ہاں بچے جمہورے: یہ حکومت کا مثبت اقدام ہے حکومت کو چاہئے کہ وہ ٹی ایل پی کے مکتبہ فکر کے علما کرام کو آن بورڈ لے تو یہ مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔

سمجھ گئے ناں

بہاول پور: ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چوہدری محمد امیر خان سیشن کورٹ کے سبزہ زار میں شجر کاری مہم کے تحت گولڈن پام کا پودا لگانے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں، سینئر سول جج ایڈمن شاہد ندیم بٹ، ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا، ڈائریکٹر جنرل پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی سمیرا ربانی، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اختر عباسی اور دیگر ہمراہ ہیں۔

نامور ویٹرنری سرجن ڈاکٹر تاشفین عباسی نے فیکلٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور ویٹرنری کالج کے دورہ کے موقع پر فیکلٹی ممبران سے گفتگو کر رہے ہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور ایک طالب علم ایک درخت مہم کا افتتاح کر رہے ہیں۔

کورونا کی چوتھی لہر، 24 گھنٹے کے دوران 9 افراد جاں بحق، 706 نئے مریض

پاکستان میں کورونا کے تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 12 لاکھ 71 ہزار 27 ہوگئی

اسلام آباد (یو این پی) کورونا وائرس سے 9 افراد جاں بحق ہوگئے، جس کے بعد اموات کی تعداد 28 ہزار 414 ہوگئی۔ پاکستان میں کورونا کے تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 12 لاکھ 71 ہزار 27 ہوگئی۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 706 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، پنجاب میں 4 لاکھ 39 ہزار 653، سندھ میں 4 لاکھ 68 ہزار 776، خیبر پختونخوا میں ایک لاکھ 77 ہزار 723، بلوچستان میں 33 ہزار 220، گلگت بلتستان میں 10 ہزار 387، اسلام آباد میں ایک لاکھ 6 ہزار 813 جبکہ آزاد کشمیر میں 34 ہزار 455 کیسز رپورٹ ہوئے ملک بھر میں اب تک 2 کروڑ 6 لاکھ 60 ہزار 167 افراد کے ٹیسٹ کئے گئے، گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 49 ہزار 486 نئے ٹیسٹ کئے گئے، اب تک 12 لاکھ 19 ہزار 174 مریض صحتیاب ہو چکے ہیں جبکہ ایک ہزار 408 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ پاکستان میں کورونا سے ایک دن میں 9 افراد جاں بحق ہوئے جس کے بعد وائرس سے مرنے والوں کی تعداد 28 ہزار 414 ہوگئی۔ پنجاب میں 12 ہزار 904، سندھ میں 7 ہزار 557، خیبر پختونخوا میں 5 ہزار 733، اسلام آباد میں 938 9، بلوچستان میں 356، گلگت بلتستان میں 186 اور آزاد کشمیر میں 740 مریض جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

ملتان: موسم تبدیل ہوتے ہی لنڈا بازار کی قیمتوں میں سو فیصد تک اضافہ

ملتان میں سردی پڑتے ہی شہریوں نے سستے سیکنڈ ہینڈ کپڑوں کی خریداری کیلئے لنڈا بازار کا رخ کر لیا

ملتان (یو این پی) ملتان میں موسم تبدیل ہوتے ہی لنڈا بازار کی قیمتوں میں سو فیصد تک اضافہ ہو چکا ہے جس کی وجہ سے شہریوں کی اکثریت سستے سیکنڈ ہینڈ کپڑوں کی تلاش میں خوار ہو رہی ہے۔ ملتان میں سردی پڑتے ہی شہریوں نے سستے سیکنڈ ہینڈ کپڑوں کی خریداری کیلئے لنڈا بازار کا رخ کر لیا ہے لیکن موجودہ صورتحال میں لنڈا اشیا کی قیمتیں چائنہ کا مال ہونے کے باوجود انتہائی زیادہ ہیں جس کی وجہ سے گرم کوٹ کی قیمت 800 روپے، شلوار قمیض کی پانچ سو، پینٹ اور جرسی کی چار سو جبکہ شرٹس کی قیمت تین سو روپے تک پہنچ چکی ہے تاہم جرابیں اور ہیٹس کی قیمت بھی سو روپے بٹوری جا رہی ہے جس سے لنڈا مال خریدنا بھی شہریوں کیلئے مشکل ہو گیا ہے۔ یو این پی کے مطابق دکانداروں کا موقف ہے کہ رواں سال لنڈے کے کپڑوں کی قیمت میں سو فیصد اضافہ مال محدود ہونے کا نتیجہ ہے جبکہ رہی سہی کسر مہنگائی نے پوری کر دی ہے جس کا خمیازہ شہریوں کو بھگتنا پڑے گا۔ لنڈے کی قیمتوں میں خود ساختہ اضافے سے شہریوں کی قوت خرید کافی حد تک کم ہو گئی ہے، اسی لیے لنڈے کے خریداروں نے قیمتوں کے حوالے سے حکومت سے نوٹس لینے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں مارچ 2022 تک بڑھتی رہیں گے

آئندہ 5 ماہ تک ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھیں گی۔ چیئرمین اوگرا

اسلام آباد (یو این پی) چیئرمین اوگرا مسرور خان نے کہا ہے کہ آئندہ 5 ماہ تک ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھیں گی۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں سینیٹر رانا مقبول احمد کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کا اجلاس ہوا۔ کمیٹی نے ارکان نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے پر اظہار تشویش کیا۔ کمیٹی نے قیمتوں میں اضافے کا ذمہ دار اوگرا کو قرار دیدیا۔ کمیٹی چیئرمین اور دیگر ارکان نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کم قیمت پر منگوا کر مہنگی فروخت ہو رہی ہیں، ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کا ذخیرہ موجود ہے تو اس کی قیمت کیوں بڑھائی گئی، ملک میں بائیس دن کی پیٹرولیم مصنوعات ذخیرہ کرنے کی گنجائش ہے تو مہینے میں دو مرتبہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کیوں بڑھیں، پوری قوم رل گئی، ملک میں احتجاج ہو رہا ہے۔ حکومت اور عوام رل گے اور کمپنیاں کھلے عام لوٹ رہی ہیں، جب قیمت گرتی ہے تو کمپنیاں پیٹرول بحران کھڑا کر دیتی ہیں، اوگرا مافیاز کا سہولت کار بنا بیٹھا ہے۔ چیئرمین اوگرا مسرور خان نے کمیٹی کو بتایا کہ حکومت پاکستان کے پاس تیل کا کوئی ذخیرہ نہیں، یہ او ایم سیز کا ہے، مارچ تک پیٹرولیم مصنوعات کا ذخیرہ موجود ہے تو اس کی قیمت

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گریزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ

بہاول پور: پراسیکیوٹر جنرل پنجاب رانا عارف کمال نون اپنے دفتر کے دورے پر آئے ہوئے پراسیکیوٹر جنرل خیبر پختونخواہ مختار احمد کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

کے مطابق پاک بحریہ کے جہاز پی این ایس عالمگیر کا مصر کا دورہ کیا، مصر کی بندرگاہ برنیس آمد پر میزبان بحریہ اور پاکستانی سفارتی حکام نے پاک بحریہ کے جہاز کا استقبال کیا۔ ترجمان پاک بحریہ یکم طابق مشن کمانڈر نے جہاز کے کمانڈنگ آفیسر کے ہمراہ میزبان بحری حکام سے اہم ملاقاتیں کیں۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق ملاقاتوں کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور دوطرفہ بحری تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق مصری بحریہ کے سدرن فلیٹ کمانڈر نے پاکستانی جہاز کا دورہ بھی کیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق مصر کی بندرگاہ سے روانگی کے بعد دونوں ممالک کے بحری جہازوں نے مشترکہ مشق کا انعقاد کیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق مصر آمد سے قبل پی این ایس عالمگیر نے جاپانی بحریہ کے جہاز ''یوگری'' کے ساتھ دوطرفہ مشق میں شرکت کی۔ ترجمان پاک بحریہ یکم طابق پی این ایس عالمگیر نے کمبائنڈ ٹاسک فورس 151 کے تحت کثیر الملکی انسداد قزاقی آپریشن ''میری لبریم'' میں بھی حصہ لیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پی این ایس عالمگیر کے مصر کے دورے اور دیگر ممالک کے ساتھ مشقوں میں شرکت سے دوست ممالک بالخصوص بحری افواج کے ساتھ تعلقات اور مشترکہ آپریشنز کی صلاحیتوں کو مزید فروغ ملے گا۔

نئے صفحہ 22

منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت کو پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا ڈویلپمنٹ بجٹ پیش کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔ پنجاب میں پی ایس ڈی پی اور اے ڈی پی کا مجموعی حجم ریکارڈ 0 4 7 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے۔ 560 ارب روپے کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت صوبے میں منصوبوں پر کام شروع ہو چکا ہے۔ گزشتہ سال کے ترقیاتی بجٹ کی نسبت رواں سال کے ترقیاتی بجٹ میں 6 6 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ سالانہ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت 98 فیصد سکیمیں منظور کی جا چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے اے ڈی پی کی سکیموں کی ہر سطح پر فول پروف مانیٹرنگ کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ پنجاب اپنے ذرائع سے رواں مالی سال 400 ارب روپے ریونیو وصول کرے گا۔ 3 ماہ میں 51 ارب روپے یعنی ٹارگٹ سے 41 فیصد زیادہ محاصل حاصل کر چکے ہیں۔ گزشتہ برس ریونیو ٹارگٹ سے 18 فیصد زائد یعنی 3 5 4 ارب روپے وصولیاں کی گئیں اور رواں سال کا صوبائی ریونیو ٹارگٹ گزشتہ سال کی نسبت 28 فیصد زیادہ مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف سیکٹرز کو 50 ارب سے زائد ٹیکس رعائتیں دے رہے ہیں۔ 10 سال میں پہلی مرتبہ 96 فیصد ترقیاتی فنڈز کے استعمال کا ریکارڈ قائم کیا۔ پنشن سسٹم، ہیومن ریسورس مینجمنٹ اور پراپرٹی ٹیکس میں دوررس اصلاحات لا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے محکموں کو منصوبوں کے پی سی ون قواعد وضوابط کے مطابق جلد مکمل کر کے بھجوانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار کو ترقیاتی منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ ہاشم جواں بخت، چیئرمین منصوبہ بندی و ترقیات، سیکرٹری تعمیرات و مواصلات، سیکرٹری خزانہ، سپیشل مانیٹرنگ یونٹ کے سربراہ اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

نئے صفحہ 23

کی ہے کہ پنجاب حکومت کے علاوہ سندھ حکومت نے بھی ان کے والد کا علاج کرانے کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان اس وقت کیا گیا جب ایک روز قبل ہی شاکر شجاع آبادی کی کسمپرسی کی حالت میں ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھیں، جس میں انہیں موٹر سائیکل پر سوار ہو کر ڈاکٹر کے پاس جاتے ہوئے دیکھا جا سکتا تھا۔ مذکورہ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد شاکر شجاع آبادی کے بیٹے ولید نے تصدیق کی کہ مذکورہ ویڈیو ایک روز پرانی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چوں کہ ان کے پاس اور کوئی سواری نہیں تھی اور نہ ہی ان کے پاس کار یا ٹیکسی کے کرائے جتنے پیسے تھے، اس لیے ان کے والد کو پٹھوں میں تکلیف کی شکایت کے بعد علاج کے لیے موٹر سائیکل پر لے جایا گیا۔ ولید شاکر شجاع آبادی نے بتایا کہ ایسا نہیں ہے کہ پہلی مرتبہ ان کے والد کو مذکورہ حالت میں لے جایا گیا ہو بلکہ اس سے قبل بھی انہیں علاج کے لیے ایسے ہی لے جایا جاتا رہا ہے، کیوں کہ ان کے پاس دوسری سواری نہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے تصدیق کی کہ ان کے والد کو کوئی بڑی بیماری یا موذی مرض نہیں ہے بلکہ انہیں پیدائشی پٹھوں کی سوجن اور درد کی شکایت ہے اور زائد العمری کی وجہ سے ان کی تکلیف میں اضافہ ہو گیا ہے۔ ولید شاکر شجاع آبادی کے مطابق ان کے والد کے پٹھے پیدائش کے فوری بعد ہی ابنارمل ہو گئے تھے اور بڑھتی عمر کے ساتھ ان میں مزید مسائل پیدا ہو گئے لیکن اب زائد العمری کی وجہ سے ان کی تکلیف بڑھ چکی ہے۔ معروف سرائیکی شاعر کے بیٹے نے کہا کہ اگر انہیں کار یا ٹیکسی فراہم کی جائے تو وہ والد کو محفوظ اور آسان طریقے سے علاج و معالجے کے لیے ایک سے دوسری جگہ منتقل کر سکیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے تصدیق کی کہ والد کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد سندھ اور پنجاب حکومت کے نمائندوں نے ان سے رابطہ کر کے انہیں والد کے علاج کی مکمل یقین دہانی کرائی ہے۔ ولید شاکر شجاع آبادی کے مطابق سندھ حکومت کے محکمہ ثقافت کے ترجمان نے ان سے رابطہ کر کے انہیں تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے جب کہ اب تک وہ ان سے مسلسل رابطے میں ہیں۔ انہوں نے اس بات کی بھی تصدیق کی کہ وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کی جانب سے ان کے والد کی وائرل ویڈیو کا نوٹس لیے جانے کے بعد ان سے حکومت پنجاب کے ترجمان نے بھی رابطہ کیا اور علاج کی یقین دہانی کروائی ہے۔ ماضی میں پنجاب حکومت کی جانب سے والد کے علاج کے لیے جاری کیے گئے فنڈز سے متعلق پوچھے گئے سوال پر انہوں نے بتایا کہ سابق وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے ان کے والد کے علاج کے لیے ایک فنڈ مختص کیا تھا، جس سے انہیں ماہانہ پانچ ہزار روپے ملتے رہے تھے مگر پھر وہ فنڈ اچانک بند ہو گیا اور دو سال بعد دو ماہ قبل ہی انہیں دوبارہ وہ پانچ ہزار روپے ملنے لگے ہیں۔ ولید شاکر شجاع آبادی نے یہ شکوہ بھی کیا کہ عام طور پر پنجاب حکومت جب ان کے والد کے لیے کسی مدد کا اعلان کرتی ہے تو اس کا چیک لانے کے لیے انہیں ملتان سے لاہور جانا پڑتا ہے، جس کی وجہ سے ان کا 8 ہزار روپے خرچ آ جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ عام طور پر ان کے والد کے لیے حکومت کی جانب سے سلسلہ وار 15 سے 18 ہزار روپے کا چیک جاری کیا جاتا ہے، جسے لینے کے لیے وہ ملتان سے لاہور جاتے ہیں اور 8 ہزار روپے تک ان کے اخراجات آ جاتے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ ان کی والدہ کو جگر کا عارضہ ہے جب کہ ان کے بڑے بھائی کی ٹانگ میں مسئلہ ہے اور ان کی دو بہنیں بھی ہیں۔

نئے صفحہ 24

سیکرٹری اطلاعات و ثقافت پنجاب محمد ندیم قریشی نے کہا ہے کہ اسلام امن کا دین ہے اور کوئی معاشرہ پر تشدد رویوں کی اجازت نہیں دیتا۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ انتہا پسند رویے معاشرے میں بگاڑ پیدا کرتے ہیں اور حکومت صوبے میں امن عامہ برقرار رکھنے اور لوگوں کو ان کے شہری حقوق دینے کی ذمہ داری بطریق احسن نبھائے گی۔ ندیم قریشی نے کہا کہ اپوزیشن کا رویہ قومی مفادات سے متصادم ہے جبکہ پی ٹی آئی کو عوام کا وسیع تر مفاد عزیز ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماضی کے حکمرانوں کے مہنگے معاہدوں کی بھاری قیمت عوام کو چکانی پڑ رہی ہے جبکہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ عالمی منڈی کی بدلتی صورتحال ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں منفی سیاست کی کوئی گنجائش نہیں ہے اور اپوزیشن کو انتشار پھیلانے کی بجائے سنجیدہ سیاست کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں استحکام اور ترقی کیلئے ذاتی اور گروہی مفادات کی سیاست کو ترک کرنا ہوگا۔ رکن صوبائی اسمبلی نے کہا کہ تحریک انصاف نے منفی سیاست کا جواب ہمیشہ عوامی خدمت سے دیا ہے۔ پاکستان کی عوام ترقی اور خوشحالی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتشار پھیلانے والوں کی سیاست ہمیشہ کیلئے ختم ہو چکی ہے۔

نئے صفحہ 25

ریٹ ملکی تاریخ میں بلند ترین سطح پر پہنچ گئے۔ ایکس مل ریٹ آل ٹائم ریکارڈ 114 روپے کلو اور پرچون نرخ 125 روپے فی کلو سے تجاوز کر گئے۔ شوگر کے سٹے بازوں، ذخیرہ اندوزوں کی چاندی ہی نہیں سونا ہو گیا۔ دسمبر 2020 کے دوسرے ہفتے میں پنجاب کی 40 شوگر ملوں کے مالکان نے چینی کے ایکس مل ریٹ حکومتی دباؤ کے بغیر خود 70 روپے کلو مقرر کر دیئے تھے مگر طویل مذاکرات کے بعد چینی کے ایکس مل ریٹ 70 سے بڑھا کر 84 روپے اور پرچوں ریٹ 89 روپے کلو مقرر کیے۔

نئے صفحہ 26

کے ایڈیشنل سیشن جج حسنین اظہر شاہ نے درخواست پر سماعت کی اور عدالت میں عدم پیشی پر شہباز گل کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ ایڈیشنل سیشن جج حسنین اظہر شاہ نے شہباز گل کو یکم نومبر کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم دیا۔

نئے صفحہ 27

والد ظفر حسین شاہ اور دیگر ورثا نے بتایا کہ موضع محمود ماتم کے رہائشی شفیق، حنیف وغیرہ چار افراد موٹر سائیکل پر سوار ہو کر ہمارے گھر آ گئے اور میرے بیٹے جمیل شاہ کو گھر سے بلا کر زبردستی موٹر سائیکل پر اغوا کر کے کچھ دور لے جا کر موت کے گھاٹ اتار دیا۔ مگر چنی گوٹھ پولیس پانچ روز گزرنے کے باوجود ابھی تک ایک بھی ملزم کو گرفتار نہیں کر سکی چنی گوٹھ پولیس نے بتایا کہ ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں جلد ملزمان کو گرفتار کر لیا جائے گا۔ مقتول کے ورثا نیاپیڈیشنل آ ء جی پولیس جنوبی پنجاب، آر پی او بہاولپور ریجن اور ڈی پی او بہاولپور سے ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔

نئے صفحہ 28

صوبائی اسمبلی کا اجلاس 29 اکتوبر کو طلب کر لیا۔ 65 اراکین پر مشتمل ایوان میں بی اے پی کے 24 رکن صوبائی اسمبلی ہیں جس نے عبدالقدوس بزنجو کو وزیراعلیٰ بلوچستان جبکہ میر جان محمد خان جمالی کو اسپیکر کے عہدے کے لیے نامزد کیا۔ اس سے پہلے پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی نے سردار یار محمد رند کو وزیراعلیٰ جبکہ بابر خان موسیٰ خیل کو اسپیکر کے عہدے کے لیے اپنا امیدوار نامزد کیا تھا۔ تاہم سردار یار محمد رند، سینیٹر سعید احمد ہاشمی، بی اے پی کے قائم مقام صدر میر ظہور احمد بلیدی اور عبدالقدوس بزنجو کے ہمراہ ایک نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ پی ٹی آئی قائد ایوان کے عہدے کے لیے بی اے پی امیدوار کی بھرپور حمایت کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی بلوچستان عوامی پارٹی کی اتحادی ہے اور 2018ء کے انتخابات کے بعد جب بلوچستان میں مخلوط حکومت بنی تھی تو اس نے اس کی حمایت کی تھی۔ واضح رہے کہ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی وفاقی وزیر پرویز خٹک، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری اور صدر بلوچستان عوامی پارٹی ظہور بلیدی نے عبدالقدوس بزنجو کا نام وزارت اعلیٰ جب کہ میر جان جمالی کو اسپیکر بلوچستان اسمبلی کے لیے نامزد کرنے کا اعلان کیا تھا۔

نئے صفحہ 29

دی ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے پاکستان میں ترک سفیر احسان مصطفیٰ یرداکل کے نام اپنے تہنیتی پیغام میں ترکی کے قومی دن کی تقریب میں شرکت کی دعوت پر ترک سفیر کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے ترک سفیر احسان مصطفیٰ یرداکل کو ترکی کے قومی دن کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ترکی کے قومی

بہاول پور: کمشنر بہاول پور ڈویژن کیپٹن (ر) محمد ظفر اقبال ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے اہداف بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اسلامیہ یونیورسٹی ایک طالب علم ایک درخت مہم میں طلباء وطالبات شریک ہیں۔

ایس پی پنجاب ہائی وے پٹرول بہاولپور ریجن چوہدری محمد شریف پنجاب ہائی وے پٹرول بہاولپور ریجن کے زیر اہتمام اسلامیہ یونیورسٹی بغداد کیمپس میں منعقدہ روڈ سیفٹی، فوگ اینڈ سموگ اور ٹریفک قوانین بارے آگاہی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

پنجاب ہائی وے پٹرول بہاولپور ریجن کے زیر اہتمام اسلامیہ یونیورسٹی بغداد کیمپس میں منعقدہ روڈ سیفٹی، فوگ اینڈ سموگ اور ٹریفک قوانین بارے آگاہی سیمینار میں شریک مہمانوں کا گروپ فوٹو۔

مرحوم کی ہمشیرہ محترمہ اور نوجوان ٹرانسپورٹر محمد عارف عرف نوشی خان کی والدہ محترمہ تھیں مدیر نوائے احمد پور شرقیہ احسان احمد سحر نے محمد قاسم خان کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا کی ہے اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطاء کرے (آمین)

نئے صفحہ 17

پاکستان میں رکھے گا جس سے ملکی ریزرو 31 ارب ڈالر تک پہنچ جائیں گے۔ اپنے ایک بیان میں کے ترجمان مزمل اسلم نے کہا کہ سعودی عرب کی جانب سے یہ کوئی امداد نہیں ہے بلکہ سعودی عرب 3 ارب ڈالر پاکستان میں رکھے گا جبکہ پاکستان مملکت کو ڈیپوزٹ کے بدلے 3.2 فیصد سالانہ ادا کرے گا۔ مزمل اسلم کا کہنا تھا کہ پاکستان کے ریزرو 31 ارب ڈالر تک پہنچ جائیں گے، جو کہتے ہیں ڈالر 180 کا ہو جائے گا تو ایسا کچھ حکومت کے ذہن میں نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجارتی خسارے کے باعث ملک میں ڈالر کے ریٹ اوپر جا رہے تھے، اکتوبر میں تجارت کے نمبر بہت اچھے آ رہے ہیں، دودھ کی قیمتوں کا مسئلہ صوبائی ہے۔ ترجمان وزارت خزانہ کا مزید کہنا تھا کہ وزیراعظم کے اختیار میں ہے پیٹرولیم قیمتوں کا عوام پر کتنا بوجھ ڈالا جائے۔

نئے صفحہ 18

اینڈ گرین پاکستان ویژن کے تحت اس مہم میں اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور گرین کیمپس پروجیکٹ اور شعبہ اسٹیٹ کیئر اینڈ سپیس مینجمنٹ کے تحت تمام کیمپسز میں شجر کاری کی جائے گی۔ اس مہم کے تحت کیمپس میں اگلے ایک ہفتے کے دوران 6 ہزار پودے لگائے جائیں گے اور طلباء کی مکمل رہنمائی اور حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ اس مہم کے ذریعے ہم کلائمیٹ چینج کے منفی اثرات کا تدارک کر کے بہتر ماحول کی جانب قدم بڑھائیں گے۔ اس موقع پر ڈاکٹر عابد رشید گل کا کہنا تھا کہ اس پروگرام کے تحت ہر طالب علم بی ایس پروگرام کے آغاز پر کیمپس میں ایک پودا لگائے گا اور اپنے تعلیمی دورانیئے میں اس پودے کی دیکھ بھال کا ذمہ دار ہوگا۔ اس مقصد کے لئے ہر طالب علم کو اضافی نمبر بھی دیے جائیں گے۔

نئے صفحہ 19

والی سڑکیں بھی بند کر دیئے گئے ہیں جس سے شہروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اسی صورتحال میں وزیراعظم نے قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس طلب کیا ہے۔ وفاقی وزیر فواد چوہدری نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ کالعدم جماعت کی غیر قانونی سرگرمیوں سے پیدا ہونیوالی صورتحال کے پیش نظر وزیراعظم عمران خان نے آج قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس طلب کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس اجلاس میں قومی سلامتی سے متعلق دیگر امور بھی زیر غور آئیں گے۔

نئے صفحہ 20

علی زرداری کے خلاف 8 ارب روپے کی مشکوک ٹرانزیکشنز کیس میں فرد جرم عائد کرنے سے روک دیا ہے چیف جسٹس اطہر من اللہ اور جسٹس عامر فاروق پر مشتمل ڈویژن بینچ نے کیس میں ملزمان پر فرد جرم عائد کرنے کے خلاف حکم امتناع جاری کیا۔ احتساب عدالت جمعرات کے روز مذکورہ ریفرنس میں آصف زرداری اور دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد کرنے والی تھی آصف زرداری کے وکیل ایڈووکیٹ فاروق ایچ نائیک نے عدالت کے سامنے دلیل دی کہ قومی احتساب بیورو (نیب) کا ریفرنس خود متضاد ہے اور بیورو نے سابق صدر پر بغیر کسی ٹھوس ثبوت کے الزمات عائد کیے۔ انہوں نے کہا کہ کیس دو فریقین کی نجی ٹرانزیکشن کی بنیاد پر کیا گیا اور آصف زرداری کا اس سے کوئی لینا دینا نہیں ہے، پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین نے کچھ جائیداد قانونی طریقے سے خریدی تھی اور یہ ایک نجی کاروباری سودا تھا۔ انہوں نے کہا کہ نیب کے پاس سابق صدر کو کیس میں ملوث کرنے کا کوئی دائرہ اختیار نہیں تھا اور حال ہی میں نیب قانون سے متعلق نافذ ہونے والے صدارتی آرڈیننس کے بعد بیورو، نجی لین دین کے معاملات میں کارروائی نہیں کر سکتا۔ عدالت نے نیب کو 4 نومبر کے لیے نوٹس جاری کرتے ہوئے اس وقت تک کے لیے حکم امتناع جاری کر دیا نیب نے سابق صدر پر غیر قانونی پیسے سے کلفٹن میں محل نما گھر تعمیر کرنے کا الزام عائد کیا تھا، ریفرنس کے مطابق مشتاق احمد نے اس گھر کی تعمیر کے لیے 15 کروڑ روپے فراہم کیے تھے نیب ریفرنس میں کہا گیا تھا کہ آصف زرداری اپنے اس دعوے کا ثبوت پیش نہیں کر سکے کہ انہوں نے یہ گھر قانونی ذرائع سے خریدا تھا۔ ریفرنس کے مطابق مشتاق احمد کے بینک اکاؤنٹ سے بحریہ ٹاؤن کو 8 ارب 30 کروڑ روپے کی ادائیگی کے لیے غیر قانونی ٹرانزیکشن کی گئی ملزم مشتاق احمد سال 2009 سے 2013 تک ایوان صدر میں سرکاری ملازم تھے جنہیں سینیٹر رخسانہ بنگش کی سفارش پر بطور اسٹینوگرافر بھرتی کیا گیا تھا۔ کیس کے تیسرے ملزم اور بحریہ ٹاؤن کے مالک، ملک ریاض کے داماد زین ملک نے پہلے ہی نیب کے ساتھ پلی بارگین کا معاہدہ کر لیا تھا اور تقریباً 9 ارب روپے قومی خزانے میں جمع کروائے اسی بینچ نے سابق بیوروکریٹس اور خود مختار اداروں کے اعلیٰ افسران کی ایک جیسی 7 درخواستوں پر سماعت کی جس میں نیب ریفرنسز سے بریت کی استدعا کی گئی تھی۔ عدالت نے نیب پراسیکیوٹر کے رویے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے پراسیکیوٹر جنرل سید اصغر علی حیدر کو طلب کر لیا عدالت نے ریمارکس دیے کہ نیب، سرکاری ملازمین کو کرپشن ریفرنسز میں گھسیٹ کر غیر ضروری طور پر ہراساں کر رہا ہے اور معاملے کی مزید سماعت 30 نومبر تک کے لیے ملتوی کر دی۔

نئے صفحہ 21

امور پر گفتگو کی گئی۔ پاک بحریہ کے ترجمان

ایسوسی ایشن اختر عباسی ایڈووکیٹ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات انصر عباس، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ملک محبوب الٰہی کھر، جنرل سیکرٹری آفتاب مبارک ایڈووکیٹ موجود تھے۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے ڈسٹرکٹ بار لائبریری کے احاطہ میں پودا لگایا اور شجر کاری مہم میں حصہ لیا۔

نئے صفحہ 07

ملازم حسین ان کے ہمراہ تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر نے کہا کہ سبزیوں و پھلوں کی مقررہ نرخوں پر فروخت کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے تنبیہ کی کہ گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی سے اجتناب کیا جائے بصورت دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ بعد ازاں وہ پھل و سبزی منڈی کے مختلف حصوں میں گئے اور صفائی ستھرائی کے کاموں کا معائنہ کیا۔

نئے صفحہ 08

ہیں، میٹرو بس اور پبلک ٹرانسپورٹ بند ہونے سے شہری پیدل چلنے پر مجبور ہیں، سرکاری اسپتالوں کو جانے والے راستے بھی سیل ہیں جس سے مریضوں اور ان کے اہل خانہ کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ دوسری جانب پاکستان ریلوے نے بھی مذہبی و سیاسی جماعتوں کی جانب سے اسلام آباد میں ممکنہ دھرنے کے پیش نظر متعدد ٹرینیں منسوخ کر دی ہیں، لاہور اور راولپنڈی کے درمیان ٹرین آپریشن درہم برہم ہو گیا ہے، لاہور سے راولپنڈی جانے والی تمام ریل کار ٹرینوں اور گرین لائن ٹرین کو بھی منسوخ کر دیا گیا ہے، لاہور سے راولپنڈی جانے والی تیز گام ایکسپریس ٹرین کا روٹ تبدیل کر کے اسے لاہور سے براستہ گجرات کی بجائے لاہور سے براستہ فیصل آباد راولپنڈی کے درمیان چلایا گیا اور اسی روٹ سے ہی اس ٹرین کو واپس لایا گیا ہے، لاہور سے راولپنڈی جانے والی 3 ٹرینوں عوام ایکسپریس ٹرین الصبح چلنے والی سبک خرم ریل کار اور جعفر ایکسپریس ٹرین کو کئی گھنٹوں کی تاخیر سے راولپنڈی کیلئے روانہ ہوئی، لاہور، راولپنڈی اور پشاور سیکشن پر ٹرین آپریشن متاثر ہونے کی وجہ سے ریلوے کو ایک روز میں لاکھوں روپے کا مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ریلوے اسٹیشنز پر سیکورٹی انتظامات کو سخت کر دیا گیا ہے اور کمانڈوز کو اسٹیشنز کے داخلی اور خارجی راستوں پر تعینات کر کے ٹرینوں کے اندر بھی کمانڈوز کو گشت کرنے اور کسی بھی ناگہانی صورتحال میں ٹرین ڈرائیوروں کو بھی تحفظ فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ڈی آئی جی ریلوے پولیس